نمازِ جنازہ کے بعد دعا کرنا کہاں سے ثابت ہے؟

مجیب: عبدہ المذنب محمد نوید چشتی عفی عنہ

فتوی نمبر: WAT-1551

تاریخ اجراء: 14 رمضان المبارک 1444ھ/05 اپریل 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

جنازے کے بعد دعا کرنے کا کیا حکم ہے، احادیث پیش کیجئے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

نمازِ جنازہ کے بعد دعا کرنا مستحب و مستحسن (اچھا) عمل ہے، اس لئے کہ قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ نے دعا کا حکم ارشاد فرمایا ہے، تو اس حکم کے تحت بعد نمازِ جنازہ دعا کرنا بھی داخل ہے نیز خود حضور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور صحابہ کرام علیہم الرضوان سے نمازِ جنازہ کے بعد دعا کرنا اور اس کا حکم دینا ثابت ہے اور اس کے علاوہ متعدد احادیث طیبّہ میں یہ بیان فرمایا گیا ہے کہ فرض نماز کے بعد دعا زیادہ قبول ہوتی ہے، تو یوں نمازِ جنازہ کے بعد بھی دعا کی قبولیت کی زیادہ امید ہے کہ نمازِ جنازہ بھی فرض نماز ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: ﴿و قال ربکم ادعونی استجب لکم﴾ ترجمہ کنزالایمان: اور تمہارے رب نے فرمایا: مجھ سے دعا کرو! میں قبول کروں گا۔ (پارہ 24، سورۃ المؤمن، آیت 60)

سنن ابن ماجہ، سنن ابی داؤد اور صحیح ابنِ حبان وغیرہ کئی کتبِ حدیث میں ہے کہ نبی کریم رؤوف رحیم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”اذا صلیتم علی المیت فاخلصوا لہ الدعاء“ ترجمہ: جب تم میت پر نماز پڑھ چکو، تو پھر خالص اُس کے لئے دعا کرو۔ (سنن ابن ماجہ، ص 107، قدیمی کتب خانہ، کراچی)

السنن الکبری للبیہقی میں ہے: ”ان علیا رضی اللہ عنہ صلی علی جنازۃ بعد ما صلی علیھا“ ترجمہ: حضرت سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ نے نمازِ جنازہ پڑھ لینے کے بعد میت کے لئے دعا فرمائی۔ (السنن الکبری للبیہقی، ج 4، ص 74، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

فرض نماز کے بعد دعا زیادہ قبول ہوتی ہے۔ چنانچہ نبی پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون سی دعا زیادہ قبول ہوتی ہے، تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "جوف اللیل الآخر ودبر الصلوات المکتوبات"

ترجمہ: رات کے آخری حصے کے درمیان اور ہر فرض نماز کے بعد کی جانے والی دعا زیادہ قبول ہوتی ہے۔ (جامع ترمذی، ج2، ص187، قدیمی کتب خانہ، کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net